This project is co-funded by the European Union Asylum, Migration and Integration Fund. Making management of migration flows more efficient across the European Union.

# مملکت متحدہ میں رضاکارانہ خدمت کا تعارف

یہ معلوماتی پرچہ چارترجمہ شدہ وسائل میں سے ایک ہے جو آپ کو مملکت متحدہ میں رضاکارانہ خدمات کو سمجھنے اور انتخاب کرنے میں مدد کرنے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے۔

## رضاکارانہ خدمت سے کیا مراد ہے؟

دنیا بھر میں لوگ، تنظیمیں اور حکومتیں رضاکارانہ خدمت کے متعلق مختلف طریقے سے سوچتے ہیں اور اسے مختلف طریقوں سے عملدرآمد کرتے ہیں۔

مملکت متحدہ میں اگر آپ ایسا کوئی کام **بلامعاوضہ** کرنے کا **انتخاب کرتے ہیں** جس کا مقصد سے کسی فرد، کمیونٹی، یا دنیا میں **مثبت تبدیل لانا ہو**، تو اسے رضاکارانہ خدمت سمجھا جاتا ہے۔

## کیا میں رضاکارانہ خدمت کر سکتا/کر سکتی ہوں؟

جی ہاں! کوئی بھی شخص رضاکارانہ خدمت کر سکتا ہے۔ مملکت متحدہ میں رہنے والے افراد بڑی تعداد میں اپنی زندگی میں کسی نہ کسی وقت کمیونٹیوں اور پراجیکٹس کو معاونت فراہم کرنے کے لیے رضاکارانہ خدمت میں حصہ لیتے ہیں۔

- اگر آپ پناہ حاصل کر رہے ہیں تو آپ رضاکارانہ خدمت کر سکتے ہیں
- اگر آپ پناہ گزین کی حیثیت رکھتے ہیں تو آپ رضاکارانہ خدمت کر سکتے ہیں
- اگر آپ مراعات حاصل کر رہے ہیں تو آپ رضاکارانہ خدمت کر سکتے ہیں

## میں رضاکارانہ خدمت کیوں کروں؟

ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی کمیونٹی میں مثبت تبدیلی لانے والی ٹیم کا حصہ بننے کے لیے رضاکارانہ خدمت کرنا چاہیں۔ اس کے علاوہ اگر آپ ایک اچھے رضاکارانہ خدمت کے موقع میں شامل ہوں تو آپ کے لیے اچھے دوست بنانا، مقامی علاقہ جات اور ثقافتوں سے جڑنا اور صلاحیتوں اور تجربے کو تقویت دینا ممکن ہوگا۔ آپ کو ایسا بھی لگ سکتا ہے کہ رضاکارانہ خدمت کے بدولت آپ کی زندگی کے معیار، خیر و عافیت، صحت اور ملازمت حاصل کرنے کی صلاحیت میں بہتری آئی ہے۔ مزید معلومات کے لیے 'مملکت متحدہ میں اچھے سے رضاکارانہ خدمت کرنے کا ارادہ رکھنا' کے متعلق معلوماتی شیٹ سے رجوع کریں۔

## مملکت متحدہ میں وہ کونسی چیزیں ہیں جنہیں رضاکارانہ خدمت نہیں سمجھا جاتا؟

- اگر آپ کسی ایسی ملازمت میں کام کر رہے ہیں جس میں عام طور پر معاوضہ دیا جاتا ہے، لیکن آپ یہ کام بلامعاوضہ یا دیگر بیش قیمت فوائد کے لیے کر رہے ہیں
- اگر آپ سے جبری طور پر بغیر معاوضہ کام کروایا جا رہا ہے
- اگر آپ کسی قریبی رشتہ دار یا کاروبار کی مدد کرنے کے لیے کوئی کام کر رہے ہیں
- اگر آپ بغیر معاوضے کے انٹرن شپ یا کام کے تجربے کی پلیس مینٹ کر رہے ہیں

## میں رضاکارانہ خدمت کہاں کر سکتا/کر سکتی ہوں؟

غیرحکومتی تنظیموں (NGO)، گروپس اور اداروں میں رضاکارانہ خدمت کے کئی مواقع دستیاب ہیں۔ ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- فنون اور ثقافت، کھیل، صحت اور سماجی دیکھ بھال، تعلیم، نوجوانوں اور کمیونٹی کی ترقی، ماحولیات، قدرت اور جانوروں کے لیے قائم کردہ تنظیمیں، ہنگامی سہولیات، پولیسنگ اور مسلح افواج میں رضاکارانہ خدمات کے مواقع۔
- مخصوص گروپس، مثال کے طور پر بڑی عمر کے افراد یا مہاجر پس منظر رکھنے والے افراد کے ساتھ رضاکارانہ خدمت کرنے کے مواقع۔

- کسی مخصوص مسئلے، جیسے کہ غربت، رہائش، بیماری یا ڈیجیٹل عدم شمولیت کے سلسلے میں رضاکارانہ خدمت کرنے کا موقع۔
- رضاکارانہ طور پر صلاحیتیں سکھانے کے مواقع، جیسے کہ ڈیزائن، گاڑی چلانا، اکاؤنٹنگ، آئی ٹی، ترجمہ کرنا، صحت یا ٹیچنگ۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کسی غیر رسمی طریقے سے شامل ہونا چاہیں، جیسے کہ کمیونٹی کے مسائل یا ضروریات کے متعلق فکرمند پڑوسی یا دوسرے افراد۔

آپ کی رہائش سمیت دوسرے عناصر کے لحاظ سے آپ کو دستیاب مواقع مختلف ہو سکتے ہیں۔ حال ہی میں ریموٹ اور آن لائن طور پر رضاکارانہ خدمت کی انجام دہی ابھرنے کے باعث آپ کو مزید مواقع دستیاب ہو سکتے ہیں۔

## رسمی رضاکارانہ خدمات

رسمی طور پر رضاکارانہ خدمات انجام دینے کے مواقع میں کسی تنظیم کو کوئی ہدف حاصل کرنے میں معاونت فراہم کرنے کے لیے رضاکاروں کو ایک مخصوص طریقے سے مخصوص کام کرنے کی تربیت اور معاونت کی فراہمی شامل ہیں۔

رسمی طور پر رضاکارانہ خدمات انجام دینے کی صورت میں رضاکاروں کا ایک مینیجر آپ کی نگرانی کریں گے اور ہو سکتا ہے کہ آپ ایک ایسی ٹیم میں کام کریں جس میں دوسرے رضاکاروں کے علاوہ معاوضہ حاصل کرنے والے رفقاء کار بھی شامل ہوں۔ آپ کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں کر سکتے، اور پراجیکٹ کا انتظام کس طرح ہوگا، اس کا انحصار، تنظیم کی ذمہ داریوں، پالیسیوں اور رقم مہیا کرنے والوں، پراجیکٹ کے پارٹنرز اور کمیونٹیوں کو کیے جانے والے وعدوں پر ہوگا۔ لہذا، اگر آپ شامل ہونا چاہتے ہیں تو آپ کو رضاکاری کے معاہدے یا ضابطہ اخلاق پر دستخط کرنے کی ضرورت ہوگی۔ یہ کانٹریکٹ نہیں ہے۔

تنظیمیں اکثر ان مواقع کے متعلق اشتہارات جاری کرتی ہیں اور آپ کو عموما درخواست کے فارم یا ریکارڈ شدہ ویڈیو کے ذریعے درخواست دینے کی دعوت دیتی ہیں۔ درخواست دینے کے بعد ہو سکتا ہے کہ آپ کو انٹرویو کے لیے بلایا جائے اور 'بیک گراؤنڈ چیکس' پر رضامندی کا اظہار کرنے کو کہا جائے (بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتال کے تعارف کے متعلق ہماری معلوماتی شیٹ سے رجوع کریں)۔

اگر آپ کو یہ ذمہ داری سوپنی جائے تو آپ ایک جامع تربیت کی توقع رکھ سکتے ہیں، جس میں آپ کو سمجھایا جائے گا کہ چیزیں کس طرح کام کرتی ہیں، اور آپ سفر، کھانے پینے اور درکار سامان کے لیے رقم ملنے کی توقع رکھ سکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ آپ کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے بھی وسائل دستیاب ہوں، مثال کے طور پر ممکن ہے کہ تنظیم بچوں کی دیکھ بھال کے اخراجات یا ڈیٹا کے اخراجات کی ادائیگی کرے۔ آپ جاری معاونت اور تربیت کے علاوہ رضاکاروں کے مینیجروں کو مستقبل میں ملازمت اور دیگر مقاصد کے لیے ریفرینس کے طور پر استعمال کرنے کی توقع رکھ سکتے ہیں۔

تنظیمیں اور حکام کئی مختلف وجوہات کی بنا پر رضاکارانہ خدمات کے مواقع پیدا کرتے ہیں۔ وہ وجوہات جن کے باعث مواقع پیدا ہوتے ہیں وہ رضاکارانہ خدمات کے تجربے کو نمایاں طور پر متاثر کر سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کسی ایسے پراجیکٹ میں رضاکارانہ خدمات انجام دے رہے ہیں جس کا مقصد تنظیم کی صلاحیتوں کو مزید وسیع کرنا ہے، تو یہ کسی ایسے پراجیکٹ سے مختلف محسوس ہوگا جو بنیادی طور پر شرکت کرنے والے رضاکاران کے فائدے کے لیے بنایا گیا ہو۔

## غیر رسمی رضاکارانہ خدمات

جب لوگ ایک دوسرے کی مدد کرنے اور مسائل حل کرنے کے لیے دوستوں، پڑوسیوں یا مذہبی اور کمیونٹی گروپس میں ایک ساتھ کم کرتے ہیں تو اسے اکثر 'غیر رسمی رضاکارانہ خدمات انجام دینا' کہا جاتا ہے۔

اپنی کمیونٹی میں یا کم رسمی طریقوں سے رضاکارانہ خدمات انجام دینے والے افراد عام طور پر خود کو رضاکار نہیں سمجھتے ہیں، بلکہ کوئی دیگر راحت بخش اصطلاحات استعمال کرتے ہیں جو ان کی نظر میں عملی طور پر ان کے کام کی عکاسی کرتے ہیں ، جیسے کہ 'کمیونٹی میں حصہ لینا،' مدد کرنا،' باہمی معاونت کرنا'، یا 'ساتھ دینا.'

عام طور پر غیر رسمی رضاکارانہ خدمات مشترکہ مسائل کے حل کے لیے اپنی کمیونٹی کے وسائل استعمال کرتے ہوئے ایک ساتھ کام کرنے والے افراد کی کوششوں کے نتیجے میں سامنے آتی ہے

عہدیدار اور فنڈ دینے والے عام طور پر غیر رسمی رضاکاروں سے الگ تھلگ کام کرتے ہیں، سوائے کووڈ جیسے بحران کے وقت میں۔ جب یہ بات واضح ہوتی ہے کہ غیررسمی رضاکار بہت اچھا کام کر رہے ہیں تو انہیں اکثر ایک سرکاری تنظیم بننے کے لیے اقدام کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ کچھ گروپس کے لیے یہ تبدیلی بہت فائدہ مند ثابت ہوتی ہے، لیکن دوسرے افراد کی نظر میں اس میں بہت وقت اور محنت لگتے ہیں اور ان کے خیال میں ان کے پراجیکٹ کی جڑیں، ثقافت اور اقدار پر منفی اثر پڑتا ہے۔

غیر رسمی رضاکارانہ خدمات انجام دینے والے افراد اپنی کمیونٹیوں میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، لیکن انہیں اکثر وہ فوائد حاصل نہیں ہوتے جو رسمی رضاکاروں کو میسر ہیں، اور نہ ہی ان کی طرح تربیت، ریفرینس، اخراجات، ایوارڈز وغیرہ کی شکل میں معاونت مل پاتی ہے۔

## میری زندگی کا تجربہ شیئر کرنا

زندگی کا کوئی مخصوص تجربہ رکھنے والے شخص کے طور پر اپنی معلومات بحیثیت رضاکار یا معاوضہ موصول کرنے والا مشیر شیئر کی جا سکتی ہے۔

مثال کے طور پر، اگر آپ مملکت متحدہ آنے والے شخص کے طور پر پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کا تجربہ رکھتے ہیں تو آپ کے پاس ایسی بہت معلومات ہوگی جو نقل و حمل کی منصوبہ بندی کرنے والے افراد کے لیے بہتریاں متعارف کرنے کے حوالے سے معاون ثابت ہو۔ ممکن ہے کہ آپ اپنی ذات اور اپنے تجربات کے باعث ایسے مسائل، چیلنجز اور مواقع کی نشاندہی کر سکیں جو دوسروں کے لیے ممکن نہ ہوں۔

ممکن ہے کہ آپ اس سرگرمی کے لیے 'باہمی پروڈکشن، 'آواز رکھنا' یا 'اثر رکھنا' جیسی اصطلاحات سنیں۔ اس صورتحال میں موجود افراد کو اکثر 'تجربے کی بنیاد پر ماہرین' کہا جاتا ہے۔

یہ بیشتر دیگر رضاکارانہ خدمات سے بالکل مختلف ہے کیونکہ اس میں خدمات کیا کیسے اور کس طرح کرتی ہیں کو متاثر اور رہنمائی کرنے کے لیے آپ کے تجربے سے حاصل کردہ مہارت کی پیشکش شامل ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے 'شرکت سے کیا مراد ہے؟' کے متعلق ہماری فیکٹ شیٹ دیکھیں۔

## مملکت متحدہ میں رضاکارانہ خدمات کی مختصر تاریخ

اس حصے کا مقصد لوگوں کو یہ سمجھنے میں معاونت فراہم کرنا ہے کہ رضاکارانہ خدمت کی ارتقاء کس طرح ہوئی۔ آپ کو اس وجہ سے اس میں دلچسپی ہو سکتی ہے کیونکہ اس سے آپ کو رضاکارانہ خدمات کے متعلق لوگوں کی رائے اور احساسات سمجھنے اور رضاکارانہ خدمات کے متعلق تنقید اور اسٹیریوٹائپس سمجھنے میں مدد ملے گی۔ اگر آپ سیدھے رضاکارانہ خدمات میں حصہ لینے کے متعلق جاننا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی 'مملکت متحدہ میں اچھے سے رضاکارانہ خدمت کرنے کا ارادہ رکھنا' اور 'بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتال کا تعارف' نامی ہماری دیگر معلومات شیٹس دیکھیں، جو زیادہ عملی نوعیت کی ہیں۔

دوسرے ممالک کی طرح ماضی میں مملکت متحدہ میں افراد اس وجہ سے جمع ہوئے ہیں تاکہ ایسی ضروریات پوری کرنے میں مدد مل سکے جو حکومت اور مقامی اتھارٹی پوری نہیں کرتے، اور اپنی کمیونٹیز اور ماحول میں کچھ چیزوں کا اضافہ ممکن ہو۔

ان رضاکارانہ خدمات نے حکام کے کام کی کمیاں پوری کی ہیں، لیکن ساتھ ہی تبدیلی کے لیے مہم چلانے یا مسائل حل کرنے کے آزاد طریقے پیدا کرنے کے لیے عام افراد کے ایک ساتھ کام کرنے کی بھی ایک لمبی تاریخ موجود ہے۔

آج کونسل اور حکومت کا اہم سرگرمیوں اور سہولیات کے لیے رضاکاروں پر انحصار کرنا اور اولمپکس جیسی بڑی تقریبات ممکن بنانا بہت عام بات ہے۔

ڈاکٹروں اور سپورٹ ورکرز کی طرف سے رضاکارانہ خدمات کی تجویز ملنا بھی عام ہوتا جا رہا ہے، کیونکہ یہ لوگوں کے لیے ملازمت کے امکانات، سماجی تعلقات اور صحت اور خیر و عافیت بہتر بنانے کا اچھا طریقہ ہے۔

ماضی میں کئی تنظیموں نے رضاکارانہ خدمات کے ایسے مواقع پیدا کئے جو فارغ وقت، اختیار اور وسائل رکھنے والے افراد کے لیے موزوں ہیں۔ اس کے باعث ان افراد کے لیے رضاکارانہ خدمات میں حصہ لینا اور اس سے مستفید ہونا مشکل ہوگیا ہے جن کے پاس زیادہ وسائل یا زیادہ وقت نہ ہو۔ اب مختلف پس منظروں سے تعلق رکھنے والے افراد کی آراء اور سربراہی کے ساتھ کئی رضاکار تنظیمیں رضاکارانہ خدمات کے زیادہ محفوظ، زیادہ قابل رسائی اور بہتر مواقع پیدا کر رہی ہیں۔

مملکت متحدہ میں آنے والے سالوں میں ممکن ہے کہ ضروری سہولیات کے حوالے سے معاونت فراہم کرنے اور ہماری کمیونٹیوں میں ابھرنے والی ضروریات پورا کرنے کے لیے مزید رضاکاروں کی خدمات حاصل کی جائیں۔ اس سے کئی مختلف اقسام کی رضاکارانہ سہولیات کے مواقع پیدا ہوں گے جن میں لوگ شرکت کر سکیں اور جن سے وہ مستفید ہو سکیں۔

رضاکارانہ خدمت کے یہ ابھرتے ہوئے مواقع ان افراد کے لیے مقامی کمیونٹیوں کو سمجھنے اور ان میں فعال کردار ادا کرنے، وقت کا بھرپور استعمال کرنے، اور مختلف ذاتی ضروریات اور خواب پورا کرنے کا اچھا طریقہ ثابت ہو سکتے ہیں، جو یہ دعوی کرتے ہیں کہ پناہ حاصل کرنے کی کوشش کرنے والے افراد ملازمت نہیں کر سکتے، یا جو مملکت متحدہ میں نئی زندگی بنانا چاہتے ہیں۔

یہ معلوماتی شیٹ دسمبر ۲۰۲۲ میں Migration Yorkshire کی طرف سے لکھی گئی۔ اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی رابطہ کریں اور ہم آپ کی مدد کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔
admin@migrationyorkshire.org.uk یا ۰۱۱۳ ۳۷۸ ۸۱۸۸